**A**

**CCE RF/RR/PF/PR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

**ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2025 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-1**
**MARCH/APRIL 2025 EXAMINATION-1**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು
**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U** Code No. : **12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ)
**(Regular Fresh / Regular Repeater / Private Fresh / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 21. 03. 2025 ] [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100
**Date : 21. 03. 2025 ]** **[ Max. Marks : 100**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6** | **I.** |
| | ارکان کی تکرار سے جب کوئی وزن پیدا ہوتا ہے تو اُسے کہتے ہیں۔ <br> (A) بحر (B) علمِ عروض <br> (C) مطلع (D) مقطع | 1. |
| 1 | جواب : (A) بحر | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والے جملے کو کہتے ہیں۔ | .2 |
| | (A) جملۂ اسمیہ (B) جملۂ فعلیہ | |
| | (C) جملۂ خبریہ (D) جملۂ انشائیہ | |
| 1 | جواب : (C) جملۂ خبریہ | |
| | ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملے میں فعل ناقص یہ ہے۔ | .3 |
| | (A) ممبئی (B) جدّت پسند | |
| | (C) شہر (D) ہے | |
| 1 | جواب : (D) ہے | |
| | نارِ نمرود کو کیا گلزار<br>دوست کو یوں بچا لیا تو نے<br>اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کا نام ہے۔ | .4 |
| | (A) صنعتِ تکرار (B) صنعتِ تلمیح | |
| | (C) صنعتِ تشبیہہ (D) صنعتِ تجنیس | |
| 1 | جواب : (B) صنعتِ تلمیح | |
| | ''جو سزا دی جا سکتی ہے بلا تامل دے دو۔'' اس جملے انشائیہ میں ظاہر ہونے والا جذبہ ہے۔ | .5 |
| | (A) امر (B) تحسین | |
| | (C) تاسف (D) شرط | |
| 1 | جواب : (A) امر | |
| | رباعی کا یہ مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔ | .6 |
| | (A) پہلا (B) دوسرا | |
| | (C) تیسرا (D) چوتھا | |
| 1 | جواب : (C) تیسرا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 × 1 = 4 | II. |
| | جَلد : فورًا : : جِلد : ......... | 7. |
| 1 | جواب : کھال | |
| | سر مارنا : سر پٹکنا : : تاؤ آنا : ......... | 8. |
| 1 | جواب : غصّہ آنا | |
| | ذوقِ تصور : خیال کا شوق : : شوقِ نظارہ : ......... | 9. |
| 1 | جواب : دیکھنے کا شوق | |
| | ناپاک : سابقہ : : یتیم خانہ : ......... | 10. |
| 1 | جواب : لاحقہ | |
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 7 × 1 = 7 | III. |
| | اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟ | 11. |
| 1 | جواب : اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت ''جیلانی بانو'' سے دریافت کی۔ | |
| | احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟ | 12. |
| 1 | جواب : احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے مولانا ابوالکلام آزاد کی مدد سے اردو سیکھی۔ | |
| | سقراط کو زہر کا پیالہ کیوں پینا پڑا ؟ | 13. |
| 1 | جواب : کیونکہ وہ اپنے ملک کا سب سے زیادہ سچّا انسان تھا۔ | |
| | ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتا تھا ؟ | 14. |
| 1 | جواب : ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب ''مولانا رجب'' دیا کرتے تھے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | شاعر فراقؔ گورکھپوری نے ''جگنو'' نظم کس عمر میں لکھی ؟ | .15 |
| 1 | جواب : شاعر ''جگنو'' نظم بیس (۲۰) برس کی عمر میں لکھی تھی۔ | |
| | حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین کس کو کہا گیا ہے ؟ | .16 |
| 1 | جواب : حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین حضرت امام حسینؓ کو کہا گیا ہے۔ | |
| | مچھرا پنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟ | .17 |
| 1 | جواب : مچھرا پنے آپ کو''فنکار'' کہتا ہے۔ | |
| 10 × 2 = 20 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | .IV |
| | غلام اور خدام کے حسنِ سلوک کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ | |
| 1 | ☆ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ | |
| | امراء اور حکام کی فرماں برداری کے بارے میں حضور ﷺ کا کیا حکم ہے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنا دیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہا ماننا۔ | |
| 1 | ☆ اپنے پروردگار کی پرستش کرنا، پانچوں وقتوں کی نمازیں پڑھنا، رمضان کے مہینے کے روزے رکھنا اور میرے حکموں کو ماننا۔ تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہو گے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پنڈت نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ پنڈت نہرو نے کہا تم نے ہر خط میں مجھے اردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا۔ | |
| 1 | ☆ لیکن میں اس پر عمل نہیں کیا، کیونکہ اردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں اور اُس میں خفیہ معنی تلاش کرتے ہیں۔ | |
| | تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے ؟ ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ تاریخ میں آج بھی عدالت کی ''ناانصافی'' کا ماتم کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ''آزاد رہنا'' ہے۔ | |
| | مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے کیا کہا ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مصنف برسبیل تذکرہ کہہ بیٹھے کہ لالہ جی امتحان کے دن قریب آرہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ آپ سحر خیز ہیں۔ ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔ | |
| | نعت میں حضور ﷺ کا نام آتے ہی شاعر کیسا محسوس کرتا ہے ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نعت میں حضور ﷺ کا نام آتے ہی شاعر کی آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اور ہونٹوں پر مسکراہٹ چھا جاتی ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نظم ''رشوت'' کے شاعر کا نام کیا ہے اور شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نظم ''رشوت'' کے شاعر کا نام جوشؔ ملیح آبادی ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر اپنی بستی کو ''ناصحوں'' کا پاگل خانہ کہہ رہے ہیں۔ | |
| | نظم ''جگنو'' میں شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟ | .25 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر کو بچپن میں یہ کہا گیا تھا کہ جگنو بھٹکی ہوئی روحوں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ میں جان چکا ہوں کہ جگنو کسی بھٹکی ہوئی روحوں کو راستہ نہیں دکھاتے۔ مگر وہ جھوٹ بھی کتنا حسین تھا جو عمر کے تقاضے نے چھین لیا۔ | |
| | ''سرحدوں کا جال'' نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟ | .26 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ جب دنیا کا وجود ہوا تو ساری دنیا ایک کُھلا میدان کی طرح تھی۔ | |
| 1 | ☆ انسان جہاں چاہے جا سکتا تھا اور اپنا مسکن بنا سکتا تھا۔ | |
| | ☆ مگر آج اپنے ہی فائدے کے لئے سرحدوں کا جال بنا کر خود اس میں انسان پھنس گیا ہے۔ | |
| | (کوئی دو نکات پر مکمل نشانات دئے جاسکتے ہیں) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اعجاؔز احسنی نے سماج کی کس بُرائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟ | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اعجاؔز احسنی سماج کی بُرائی ''جہیز'' کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ ہر باپ اپنی بیٹی کے تعلق سے پریشان رہتا ہے۔ داماد کی فرمائش پوری کرتے کرتے برباد ہوجاتا ہے اور کہتے ہیں داماد کو الٹا بھی کیا تو داماد رہا۔ | |
| 11 × 3 = 33 | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | **V.** |
| | **متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔'' | 28. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ سبق ''بدایوں کے شام وسحر'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کی مصنفہ ''اداؔ جعفری'' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ اماں نے کسی بات پر خوش ہوکر بچوں سے اپنے ناشتے کا راز بتا دیا اور تاکید کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔'' | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ افسانہ ''درشتی'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کی مصنفہ ''زہرہ جمال'' ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ ودیا چرن کی تقریر سنتے ہوئے مجمع میں بیٹھی اندومتی یہ جملہ سوچ رہی تھی کہ نیتا جی سچ کہہ رہے ہیں۔ | |
| | ''تو میں آپ کو چھ بجے جگا دیا کروں گا۔'' | .30 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ سبق ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ لالہ جی نے مصنف سے خوش ہو کر کہا مصنف لالہ جی کے جگانے کی تعریف میں صبح کے وقت کی تعریف کرتے ہیں کہ دماغ کیا صاف رہتا ہے جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ یہ سن کر لالہ جی نے یہ جملہ کہا۔ | |
| | **درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| | **سید سلیمان ندوی** | .31 |
| | جواب : | |
| | ☆ نام — سید سلیمان ندوی | |
| 1 | ☆ حیات — ولادت : 1884ء دسنہ<br>وفات : 1953ء پاکستان | |
| 1 | ☆ قابلیت — جید عالم، مورخ اور محقق و نقاد | |
| 1 | ☆ تصانیف — 'ارض القرآن'، 'رحمت عالم'، 'حیاتِ شبلی'، 'خطبات مدارس'، 'نقوشِ سلیمانی'، 'سیرتِ عائشہؓ'۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے:** | |
| .32 | **ماہرؔ القادری** | |
| | جواب : | |
| | ☆ نام – منظور حسین قادری قلمی نام – ماہرؔ القادری | |
| | ☆ حیات – ولادت : 1906ء ضلع کیسر کلاں، بلند شہر، اتر پردیش | |
| | وفات : 1978ء پاکستان | 1 |
| | ☆ قابلیت – شاعری کے علاوہ بے لاگ تبصرے ادبی طبقے میں۔ ماہنامہ ''فاران'' | |
| | کی ادارت بھی نبھایا۔ | 1 |
| | ☆ تصانیف – نعتیہ نظم ''ظہور قدسی'' لکھی۔ ''جذبات ماہر''، ''محسوسات ماہر''، | 1 |
| | ''ذکرِ جمیل۔'' | |
| | **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| .33 | از ہند تا خراساں، خوشبو ہوا ہے عالم | |
| | گلزار نئیں خبر لیا، وہ یاسمن کہاں ہے | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر ''حسن شوقی'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ میرے محبوب کی خوشبو ہندوستان سے لے کر خراساں تک پھیلی ہوئی ہے۔ | 1 |
| | ☆ گلزار بھی یہ جاننے کے لئے بے چین ہے کہ وہ یاسمین کہاں چھپی ہے جس کی مہک | |
| | ہر طرف پھیل رہی ہے۔ | 1 |
| .34 | یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو | |
| | کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''علامہ اقبال'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| | ☆ شاعر کہتے ہیں اے اللہ جنت ان لوگوں کو دے دے جو تیری عبادت کر کے جنت | |
| 1 | حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ میں تیرا سچّا عاشق ہوں، تیرا دیدار ہی میرے لئے جنّت ہے۔ | |
| | ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا | .35 |
| | پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''حمید الماس'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں جب میرے عشق کا راز سب کو معلوم ہوا تو ہر طرف ہنگامہ ہونے لگا۔ | |
| 1 | ☆ جو میرے دوست، عزیز نرم دل کے تھے وہ بھی پتھر دل بن گئے اور ستم ڈھانے لگے۔ | |
| | **قوسین میں دیئے گئے الفاظ کے مترادفات کو جملوں میں تلاش کر کے مثال کے مطابق لکھئے :** | |
| | مثال : سپاہی وطن کی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ | |
| | وطن = ملک | |
| | [عالم، گھر، دور ] | |
| | (i) اس عہد کے لوگ بڑے ظالم ہیں۔ | .36 |
| | (ii) دونوں جہاں کا مالک خدا ہے۔ | |
| | (iii) خانۂ کعبہ خدا کا مسکن ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | (i) عہد = دور | |
| 1 | (ii) جہاں = عالم | |
| 1 | (iii) مسکن = گھر | |
| | جملہ اسمیہ کی تعریف مع مثال کے ذریعہ لکھئے۔ | .37 |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ ''ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔'' | |
| 1 | ☆ مثلاً — اماں ملازمہ تھیں۔ | |
| | ( کوئی اور جملہ اسمیہ کی مثال پر بھی نشانات دئے جا سکتے ہیں ) | |
| | صنعتِ تضاد کی تعریف مع مثال کے ذریعہ لکھئے۔ | .38 |
| | یا | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال کے ذریعہ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | **صنعتِ تضاد** | |
| 2 | ☆ شعر کی ایسی خصوصیت کو جس میں متضاد الفاظ استعمال ہوتے ہیں اُسے صنعتِ تضاد یا صنعتِ طباق کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ مثلاً : بچ حسن تعین سے، ظاہر ہو کہ باطن ہو<br>یہ قیدِ نظر کی ہے، وہ فکر کا زنداں ہے | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | **صنعتِ تکرار** | |
| | ☆ ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دُہرایا جاتا ہے اُسے صنعتِ تکرار یا صنعتِ تکریر | |
| 2 | کہا جاتا ہے۔ | |
| | ☆ مثلاً : اصغؔر سے ملے ، لیکن اصغؔر کو نہیں دیکھا | |
| 1 | اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے۔ | |
| | ( کوئی اور مثال پر بھی نشانات دیئے جاسکتے ہیں ) | |
| 5 × 4 = 20 | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** | VI. |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے چار اشعار لکھئے۔ | 39. |
| | یا | |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ''مرثیہ'' کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد :۔ | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اُجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے<br>نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| 1 | رضا تری ہے، غفور الرّحیم بھی تو ہے<br>غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |
| | دمِ وداع ہے صغریٰ کو بخش دے یا رب<br>تو یومِ دین کا مالک، حساب تیرا ہے | |
| | یا | |
| | مرثیہ :- | |
| 1 | بچپن میں جو زباں سے کہا ہے کریں گے ہم<br>کھائیں گے تیرِ ظلم، لہو میں بھریں گے ہم | |
| 1 | حلق اپنا زیرِ خنجرِ قاتل دھریں گے ہم<br>اُمت کے بخشوانے کو، پیاسے مریں گے ہم | |
| 1 | اب ہاتھ اٹھاؤ فاطمہؓ کے نورِ عین سے<br>ہوگی کبھی نہ وعدہ خلافی حسینؓ سے | |
| 1 | یہ سن کر گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر<br>لپٹا لیا گلے سے بہن کو بہ چشم تر<br>رو کر کہا کہ ہوتا ہے ٹکڑے مرا جگر<br>زینبؓ خدا کے واسطے، پیٹو نہ اپنا سر | |
| | خاصانِ حق کا خلق میں رُتبہ بلند ہے<br>صابر رہو کہ صبر، خدا کو پسند ہے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : | |
| | (i) آمدِ بہار (ii) مچھر کا الٹی میٹم | .40 |
| | جواب : | |
| | (i) آمدِ بہار | |
| 1 | ☆ آمدِ بہار شوقؔ قدوائی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس نظم میں موسمِ بہار کی آمد کے خوشنما منظر کی تصویر پیش کی گئی ہے۔ | |
| | ☆ ہوا چاروں طرف سے کہتے ہوئے آتی ہے۔ بہار آئی بہار آئی۔ | |
| 1 | ☆ آمدِ بہار کے موسم میں صبح کو چلنے والی ہوا بہت ہی ٹھنڈی ہوا کرتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ صبح کی ہوا چلنے سے کلیاں کھل جاتی ہیں۔ | |
| | ☆ پہاڑوں پر جما ہوا برف پگھل کر پانی ہو جاتا ہے۔ وہی پانی رواں ہو کر سمندر میں جا ملتا ہے۔ | |
| | ☆ ایسا لگ رہا ہے کہ ساری زمین ایک دلہن کی طرح نظر آرہی ہے۔ | |
| | ☆ ایسا لگتا ہے کہ زمین جڑوں کو پکڑی ہوئی ہے اور جڑیں زمین کو جکڑی ہوئی ہیں۔ | |
| | ☆ آمدِ بہار کے آنے سے سارے جنگل اور چمن میں پھولوں کا انبار دکھائی دے رہا ہے۔ | |
| | ☆ جدھر بھی نظر جاتی ہے ساری زمین پھولوں کا گہنا پہنے ہوئے ہے۔ | |
| | ☆ ایسا لگ رہا ہے کہ چاند تارے زمین پر اترے ہوئے ہیں۔ | |
| | ☆ آمدِ بہار کی خوشی میں ہزاروں رنگ کی چڑیاں اپنی ادائیں اور صداؤں سے نغمہ زار ہیں۔ | |
| | ☆ ہر طرف چڑیاں گیت گاتی ہوئی اور ناچتی پھرتی ہیں۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مچھر کا الٹی میٹم** | |
| 1 | ☆ یہ نظم دلاور فگار کی لکھی ہوئی ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس نظم میں شاعر نے سماجی برائیوں کو بیان کیا ہے۔ | |
| | ☆ بلدیہ والے کہتے ہیں مچھر ماریئے۔ | |
| 1 | ☆ مگر مچھر کہتا ہے مجھے مار کر تو دیکھ میرا طوفان بڑھتا ہی جائے گا۔ | |
| 1 | ☆ مچھر کہتا ہے اے نادان مجھ پر ڈی ڈی ٹی (DDT) مت چھڑک تیرا یہ پوڈر میرے چہرے کو اور زیادہ چمکائے گا۔ | |
| | ☆ مچھر کہتا ہے تو مجھ کو ختم نہیں کر سکتا میں تو فنکار ہوں ''فنکار'' کبھی مر نہیں سکتا۔ | |
| | ☆ مچھر شاعر سے کہتا ہے۔اے فنکار مجھ سے لڑنا چھوڑ دے۔ورنہ انسانی نسل کو میں بخار میں مبتلا کر دوں گا۔ | |
| | ☆ اے انسان مجھ سے تو کیوں ڈرتا ہے۔میرے ہاتھ میں خنجر تو نہیں ہے۔ | |
| | ☆ انسان کا قاتل خود انسان ہے۔ | |
| | ☆ مچھر کہتا ہے اے انسان میں تیرا تھوڑا سا لہو چُوس لیتا ہوں تو کیوں روتا ہے ہمیشہ تیرا سیٹھ جی لہو چوستے ہیں تو خوش ہوتا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | زعفران کے استعمال کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔ | .41 |
| | جواب : | |
| | ☆ زعفران کو ہندی زبان میں کیسر کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ زعفران غذا تو نہیں لیکن غذا کو خوش رنگ بناتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ یونانی اور ایورویدک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| | ☆ نزلہ، پیٹ درد، بخار، کھانسی اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لئے اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔ | |
| 1 | ☆ جلد کو نکھارنے کا کریم تیار کرتے ہیں۔ | |
| | ☆ چین میں زعفران کا استعمال مذہبی رسم میں کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ خطاط قرآن شریف اور مختلف کتابوں کی آرائش میں اس کا استعمال کیا کرتے ہیں۔ | |
| | ☆ کپڑے رنگنے میں استعمال کرتے ہیں۔ | |
| | ☆ کشمیر کی دل پسند مشروب قہوہ میں زعفران کا استعمال ہوتا ہے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر پورے نشانات دیں ) | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔ | .42 |
| | یا | |
| | بحث کیجئے – ''پنڈت جواہر لال نہرو اُردو کے سچّے دوست تھے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ | |
| 1 | ☆ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتے تھے۔ خواجہ عزیزالدین نے آپ کی شاعری سُن کر آپ کو ''سلطانیؔ'' تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ | |
| 1 | ☆ علاءالدین خلجی کے زمانے میں شاعری کی ترقی ہوئی اور آپ بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے۔ | |
| | ☆ مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی ''نہہ سپہر'' لکھی۔ | |
| 1 | ☆ آپ فن موسیقی کے ماہر تھے۔ آپ مختلف سُروں کے موجد کہلائے۔ | |
| 1 | ☆ قوالی کی موجودہ طرز آپ ہی کی ایجاد ہے۔ | |
| | ☆ آلہ موسیقی ستار کی ایجاد آپ نے کی۔ | |
| | ☆ مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر ''نائک'' کا مرتبہ حاصل کیا۔ | |
| | ☆ آپ فارسی اور ہندی آمیز اشعار پہیلیوں معمول اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات پر نشانات دیئے جاسکتے ہیں ) | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | ☆ پنڈت جواہر لال نہرو کو اردو سے دلی لگاؤ تھا۔ | 1 |
| | ☆ اردو، نہرو جی کی والدہ، اہلیہ، دادی اور نانی کی مادری زبان تھی اور انہوں نے خود مولانا آزاد سے اردو کا درس لیا تھا۔ | 1 |
| | ☆ پنڈت نہرو کی اردو دوستی کا یہ نا قابل فراموش واقعہ ہماری نسل تک پہنچنا ضروری ہے۔ | |
| | ☆ جب آئین ساز اسمبلی قومی زبانوں کا مسئلہ پیش آیا تو نہرو نے جو فہرست پیش کی ان میں اردو بھی تھی۔ | |
| | ☆ اس پر کانگریس سیٹھ نے چلّا کر پوچھا ''اردو بھلا کس کی مادری زبان ہو سکتی ہے۔'' | 1 |
| | ☆ پنڈت نہرو نے اسی جھلاہٹ میں چیخ کر جواب دیا۔ ''اردو میری دادی کی زبان ہے۔'' | 1 |
| | ☆ اردو کے فروغ کے لئے ہمیشہ انہوں نے مخلصانہ کوششیں کیں۔ | |
| | ☆ وہ ادیبوں اور شاعروں سے بہت قریب تھے۔ | |
| | ☆ خاص طور پر اردو شاعروں اور ادیبوں کی بہت عزّت کیا کرتے تھے۔ | |
| | ☆ یہ تھے اردو دوست، ہندوستان کے اولین وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو جن کا جواب ملنا بہت مشکل ہے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر مکمل نشانات دیئے جائیں ) | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | .43 |
| | یہ اُس زمانے کی بات ہے جب حضرت عمرؓ مسلمانوں کے خلیفہ تھے۔ ایک سال بارش نہ ہوئی اور ملک میں قحط پڑ گیا۔ اناج کی کمی کی وجہ سے مدینے کے لوگ سخت پریشان ہوئے۔ اُس زمانے میں ایک سوداگر اناج سے لدے ہوئے اُونٹ لے کر مدینے آیا۔ حضرت عثمانؓ کو پتا چلا تو اُس سوداگر کے پاس گئے اور مُنہ مانگی قیمت دے کر سارا اناج خرید لیا۔ لوگوں کو تو پہلے ہی اناج کی ضرورت تھی جب انہیں یہ معلوم ہوا کہ سارا اناج حضرت عثمانؓ نے خرید لیا ہے تو وہ آپ کے پاس آئے اور اناج خریدنا چاہا۔ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا۔ تم جو قیمت دینا چاہتے ہو وہ مجھے منظور نہیں۔ میں تو یہ اناج اُس کے ہاتھ فروخت کروں گا جو مجھے سب سے زیادہ نفع دے گا۔ | |
| | حضرت عمرؓ بھی حضرت عثمانؓ کے پاس گئے تو بھی اُن کو بھی وہی جواب دیا۔ لوگوں کو حضرت عثمانؓ کا یہ جواب سُن کر بہت مایوسی ہوئی۔ وہ حیران تھے کہ حضرت عثمانؓ تو سخی اور غریبوں کے بہت ہمدرد ہیں۔ جب لوگ مایوس ہو کر چلے گئے تو حضرت عثمانؓ اناج سے لدے ہوئے اُونٹوں کو شہر میں لائے اور منادی کرا دی کہ جس شخص کو جتنے اناج کی ضرورت ہو آئے اور مفت لے جائے۔ دیکھتے ہی دیکھتے سارا اناج تقسیم ہو گیا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ سارا اناج مفت میں کیوں دیا۔ آپ تو زیادہ نفع حاصل کرنا چاہتے تھے۔ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا میں وہی کر رہا ہوں جو کہا تھا۔ میں نے اناج کو اللہ کے نام پر مفت تقسیم کر دیا ہے۔ اب اللہ مجھے اس کا ستّر گنا ثواب دے گا جو کوئی اتنا نفع نہیں دے گا۔ حضرت عمرؓ خوش ہو کر کہنے لگے ہاں واقعی تم نے سب سے زیادہ نفع کمایا ہے۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو کیا جواب دیا ؟ | |
| | (ii) حضرت عثمانؓ نے کس طرح زیادہ نفع حاصل کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | (i) ☆ حضرت عثمانؓ نے جواب دیا۔ تم جو قیمت دینا چاہتے ہو وہ مجھے منظور نہیں۔ | 1 |
| | ☆ میں تو یہ اناج اُس کے ہاتھ فروخت کروں گا جو مجھے سب سے زیادہ نفع دے گا۔ | 1 |
| | (ii) ☆ حضرت عثمانؓ نے اناج کو اللہ کے نام پر مفت تقسیم کر دیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اب اللہ مجھے اس کا ستّر گنا ثواب دے گا جو کوئی اتنا نفع نہیں دے گا۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| **VII.** | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | |
| | **1 × 5 = 5** | |
| 44. | اپنے میر معلم/معلمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں آگے تعلیم حاصل کرنے کے لئے سندِ تبادلہ (T.C.) کی درخواست کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) شہر کا نام اور تاریخ | 1 |
| | ii) القاب و آداب | 1 |
| | iii) خط کا مضمون (سندِ تبادلہ (T.C.) کی درخواست ) | 2 |
| | iv) اختتام | 1 |
| | یا | |
| | اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں مدرسے کے یومِ آزادی کے جلسہ کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) شہر کا نام اور تاریخ | 1 |
| | ii) القاب و آداب | 1 |
| | iii) خط کا موضوع ( یومِ آزادی کے جلسہ کا ذکر) | 2 |
| | iv) اختتام | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| VIII. | کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : | 1 × 5 = 5 | |
| 45. | (i) جہیز ایک سماجی بُرائی ہے | | |
| | جواب : | | |
| | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | | 1 |
| | نفسِ مضمون – (i) جہیز کا لین دین۔ | | 1 |
| | (ii) جہیز سے ہونے والے اثرات | | 1 |
| | (iii) جہیز کے متعلق قانون | | 1 |
| | خاتمہ/ اختتام – اعادہ/ اپنی رائے کا اظہار | | 1 |
| | یا | | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) موبائیل فون کے استعمال سے ہونے والے اثرات | |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) موبائیل ایک اہم ضرورت | |
| 1 | (ii) موبائیل کے فائدے | |
| 1 | (iii) موبائیل کے نقصانات | |
| 1 | خاتمہ/ اختتام – اعادہ/ اپنی رائے کا اظہار | |